ایف سی پی ایس کے نئے اسٹریٹیجک پلان کی تشکیل

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولزنیا اسٹریٹیجک پلان تشکیل دے رہا ہے اور اس منصوبہ کی کامیابی کا انحصار آپ پر ہے!

اسٹریٹیجک پلان کیا ہے؟

ایک روڈ میپ کی طرح، اسٹریٹیجک پلان اسکول ڈسٹرکٹ کیلئے واضح طور پر بہترین راہ متعین کرتا ہے جس پر چل کر آنے والے برسوں میں اپنے اہداف تک پہنچا جاسکتا ہے۔

ہمیں اسٹریٹیجک پلان کی کیوں ضرورت پیش آتی ہے؟

ہمارے طلبا و طالبات ان کیریئرز کی تیاریاں کررہے ہیں جو آج موجود نہیں ہیں۔ ان ضروریات کے ہم قدم چلنے کیلئے، ہمیں مستقبل کے اپنے منصوبوں پر اَزسرِنو غور کرنے کی ضرورت ہے -- اور یہ کہ ہم اُس نئے دور کیلئے اپنے طالبعلموں کی کیسے بہترین خدمت کرسکتے ہیں۔

آپ کو کیوں حصہ لینا چاہیئے؟

ہمارا نیا اسٹریٹیجک پلان صرف اسی وقت کامیاب ہوسکتا ہے جب کئی گونا گوں آوازیں ، جو ہماری کمیونٹی کی صُورت گری کرتی ہیں، اپنی آراء سے آگاہ کریں۔ مِل جُل کر ، ہم اہداف اور ترجیحات طے کرسکتے ہیں ، جن سے ایف سی پی ایس کے ہر طالبعلم کیلئے ایک پَھلتا پُھولتا مستقبل یقینی بنانے میں مدد ملے۔

دی گئی تصویر میں متنوع آوازیں اُجاگر کی گئی ہیں جو ایک مشترکہ خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے کام کرینگی:

- طلبا و طالبات
- خاندان
- عملہ
- کمیونٹی تنظیمیں
- کمیونٹی ارکان
- ایسوسی ایشن قیادت (مثلاً ملازمین کی ایسوسی ایشنیں)
- اسکول بورڈ

ہر گروپ کو 12 اسٹریٹیجک پلاننگ ٹیموں میں سے ایک میں شرکت کرنے کا موقع میسر آئے گا۔

ایف سی پی ایس
ہماری آواز
ہمارا مستقبل
اسٹریٹیجک پلاننگ

اسٹریٹیجک پلاننگ کے عمل کا حصہ بنیئے!

- کمیونٹی فورم میں شرکت کیجیئے۔
- اپنے تاثرات سے آن لائن آگاہ کیجیئے۔
- آئندہ بورڈ میٹنگ میں بات کرنے کیلئے اپنا اندراج کرائیے۔
- آئندہ بورڈ میٹنگ اور اسٹریٹیجک پلان ورک سیشن کا مشاہدہ کیجیئے۔

کمیونٹی فورمز

ہر رہائشی کو اسٹریٹیجک پلان مکمل ہونے اور بورڈ سے باقاعدہ منظوری سے قبل اِس میں شرکت کرنے اور اِس کی سمت کے تعین میں اپنا اثرورسوخ استعمال کرنے کیلئے مواقع دستیاب ہیں۔ کمیونٹی فورمز سے اخذ کردہ بصیرت کو ، اگر مناسب ہوا تو، اسٹریٹیجک پلان میں شامل کرنے کیلئے ، کور پلاننگ ٹیم سے اِشتراک کیا جائے گا۔

ذیل میں دیئے گئے QR کوڈ کو استعمال کرکے ایک کمیونٹی فورم میں اندراج کرائیے یا اسٹریٹیجک پلاننگ تاثرات فارم پُر کیجیئے۔

http://bit.ly/3GFvw0E

Let's Talk!
تاثرات

سوالات؟ ای میل strategicplan@fcps.edu.

ایف سی پی ایس
ہماری آواز
ہمارا مستقبل
اسٹریٹیجک پلاننگ